Meeting between Prime Minister Shri Narendra Modi and H.E. Mr. SUGA Yoshihide, Prime Minister of Japan

September 23, 2021

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نےجاپان کے وزیر اعظم عزت مآب سوگا یوشی ہدے سے ملاقات کی

ستمبر 2021 23

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے23 ستمبر 2021 کو واشنگٹن ڈی سی میں کواڈ لیڈرس سمٹ کے موقع پر جاپان کے وزیرا عظم عزت مآب سوگا یوشی ہدے سے ملاقات کی۔

دونوں وزرائے اعظم نے اپنی پہلی ذاتی ملاقات پر خوشی کا اظہار کیا ۔انہوں نے ستمبر 2020 میں جناب سوگاکے جاپان کے وزیراعظم کا عہدہ سنبھالنے کے بعد ٹیلیفون پر تین بار کی جانے والی اپنی بات چیت کو گرم جوشی کے ساتھ یاد کیا ۔وزیر اعظم مودی نے وزیر اعظم کے طور پر اور اس سے قبل کابینہ کے چیف سکریٹری کے طور پر گذشتہ چند برسوں میں بھارت جاپان خصوصی اسٹریٹجک اور عالمی شراکت داری میں کی جانے والی زبردست پیش رفت کے سلسلے میں کوششوں کیلئے وزیر اعظم سوگا کا شکریہ ادا کیا ۔انہوں نے عالمی وبا کے درمیان ٹوکیو اولمپک اور پیرالمپک کھیلوں کی کامیابی کی ساتھ میزبانی کرنے کیلئے وزیر اعظم سوگا کو مبارکباد پیش کی۔

دونوں وزرائے اعظم نے دونوں ملکوں کے درمیان کثیر جہتی تعلقات کا جائزہ لیا اور افغانستان سمیت حالیہ عالمی اور علاقائی واقعات پر تبادلۂ خیال کیا۔انہوں نے ایک آزاد کھلے اور شمولیت والے بھارت کیلئے اپنی عہد بندی کی توثیق کی ۔انہوں نےدفاعی ساز و سامان اور ٹکنالوجی کے شعبہ سمیت دو طرفہ حفاظتی اور دفاعی تعاون میں اضافہ کرنے پر اتفاق کیا۔

دونوں وزرائے اعظم نے دونوں ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے اقتصادی تعلقات کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے لچکدار،متنوع اور قابل اعتماد سپلائی چینز کے ایک تعاون والے میکنزم کے طور پر اس سال بھارت ۔جاپان اور آسٹریلیا کے درمیان سپلائی چین کی لچک کی پہل ایس سی آر آئی شروع کئے جانے کا خیر مقدم کیا۔ وزیر اعظم مودی نے مینو فیکچرنگ ، ایم ایس ایم ای اور ہنر مندی کی ترقی میں دو طرفہ شراکت داری کو فروغ دئے جانے کی ضرورت پر زور دیا۔وزیر اعظم سوگا نے وزیر اعظم مودی کو بتایا کہ اس سال اس سے قبل جس خصوصی ہنر مند ورکرز (ایس ایس ڈبلیو) معاہدہ پر دستخط کئے گئے تھےاس پر عمل کرنے کیلئے جاپان کی جانب سے 2022 کے اوائل سے بھارت میں ہنر مندی اور زبان کے ٹیسٹ کرائے جائیں گے۔

دونوں وزرائے اعظم نے کووڈ -19 عالمی وبا اور اس کا مقابلہ کرنے کی کوششوں پر بات چیت کی۔انہوں نے خصوصی طور پر اسٹارٹ اپس میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز کی بڑھتی ہوئی اہمیت پر زور دیا اور اس سلسلے میں بھارت -جاپان ڈیجیٹل پارٹنر شپ کی پیش رفت کا مثبت جائزہ لیا ۔انہوں نے مختلف ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں مزید تعاون پر تبادلۂ خیال کیا۔آب و ہوا کی تبدیلی اور گرین اینرجی میں منتقلی کے معاملات اور بھارت کے نیشنل ہائیڈروجن اینرجی مشن کے ساتھ جاپان کے تعاون کے امکان پر بھی بات چیت کی گئی۔

دونوں وزرائے اعظم نے ممبئی - احمد آباد ہائی اسپیڈ ریل(ایم اے ایچ ایس آر)پروجیکٹ کو اچھی طرح اور وقت پر نافذ کرنے کی کوششوں کیلئے اپنی عہد بندی کی توثیق کی۔

دونوں لیڈروں نے بھارت- جاپان ایکٹ ایسٹ فورم کے تحت بھارت کے شمال مشرقی خطے میں دو طرفہ ترقیاتی پروجیکٹوں میں ہونے والی پیش رفت کا خیر مقدم کیا اور ایسے تعاون میں مزید اضافہ کے امکانات کا جائزہ لیا۔

وزیر اعظم سوگا نے اس بات پر اعتماد کا اظہار کیا کہ بھارت- جاپان شراکت داری نے گذشتہ چند برسوں میں جو رفتار حاصل کی ہے اس کو جاپان کی نئی انتظامیہ کے تحت بھی جاری رکھا جائے گا۔وزیر اعظم مودی نے کہا کہ مستقبل قریب میں بھارت- جاپان سالانہ سربراہ کانفرنس کیلئے وہ بھارت میں جاپان کے آئندہ وزیر اعظم کا خیر مقدم کرنے کے منتظر رہیں گے۔

واشنگٹن ڈی سی.
ستمبر 2021 -23

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.